سوال

(59)پتلون کے ساتھ نمازادا کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پتلون پہن کر نمازادا کرنے کا کیا حکم ہے؟ بعض لوگ جب یہ پہن کر نمازادا کرتے ہیں تو اس کے ستر کے کچھ مقامات واضح ہوجاتے ہیں، بالخصوص نماز میں رکوع اور سجود کے وقت؟

عبداللہ۔ م۔ الریاض

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب پتلون، جوکہ پاجامہ ہی ہوتا ہے، مرد کے ناف سے لے کر گھٹنوں تک کے حصہ کو چھپانے والی ہو کھلی ہو، تنگ نہ ہو تو اس میں نماز درست ہے اور افضل یہ ہے کہ اس پتلون کے اوپر قمیص ہو، پوری طرح ڈھک جائیں گے۔ ساتر تہبند میں نمازادا کرنا پاجامہ میں نمازادا رنے سے افضل ہے جبکہ اوپر ساتر قمیص نہ ہو کیونکہ ستر کے لیے تہبند پاجامہ سے زیادہ پردہ والی چیز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ